یونیسف
ہر بچے کے لئے

PAKISTAN PEDIATRIC ASSOCIATION CHILD RIGHTS COMMITTEE
PAHCHAAN



انٹرنیٹ پر بچوں اور نوبالغوں پر تشدد سے تحفظ

والدین کے لئے رہنما اصول



سکول بند ہونے اور بچوں کی نقل و حرکت محدود ہو جانے کی وجہ سے بچے انٹرنیٹ کی مدد سے تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ اس سے ان کے انٹرنیٹ کے استعمال میں اضافہ ہوا ہے اور اب وہ معمول سے زیادہ وقت انٹرنیٹ پر صرف کرتے ہیں۔

۱ والدین اور بچوں کی دیکھ بھال کرنے والوں کے لئے مفید مشورہ :
سکول بند ہونے کی صورت میں اگر آپ بچوں کو تعلیمی ویب سائٹس اور ڈیجیٹل ایپلیکیشنز سے متعارف کرا رہے ہیں تو اپنے بچوں کو بتائیں کہ وہ ان سروسز کے استعمال کے دوران کس طرح اپنا بھرپور تحفظ کر سکتے ہیں



۲ آن لائن تعلیم کے دوران بھی سکرین پر گذارے جانے والے وقت کا دورانیہ کم کریں۔ بچوں کے ساتھ مل کر شیڈول ترتیب دیں اور اس پر ہر حال میں عمل کریں۔




۳ بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ تعلیم کے حصول کے لیے ایک سے زیادہ ذرائع کا امتزاج استعمال کرے تاکہ وہ پڑھنے، لکھنے اور تعلیم کے حصول کے لئے انٹرنیٹ کا متوازن استعمال کر سکیں۔



۴ اگر ممکن ہو تو بچوں کے انٹرنیٹ استعمال کرتے وقت فائر وال کا استعمال کریں۔ فائر والز کی مدد سے کوئی بلا اجازت اور غیر قانونی طور پر آپ کے نجی انٹرنیٹ نیٹ ورک تک رسائی حاصل نہیں کر سکتا۔



۵ حفاظتی اقدامات : بچوں کو چاہیے کہ وہ سکول سے متعلقہ کام میں مشغول رہیں اور انٹرنیٹ پر اجنبی لوگوں کے ساتھ رابطوں سے گریز کریں۔ اجنبی لوگ آپ کے بچوں کو ڈرا دھمکا سکتے ہیں یا پھر ان کا جنسی استحصال کر سکتے ہیں۔ اپنے بچوں کی مدد کریں کہ وہ انٹرنیٹ کے استعمال کے دوران اپنی ذاتی معلومات کا تحفظ کر سکیں۔



۶ اپنے بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ انٹرنیٹ پر موجود ایسے مواد کو رپورٹ کریں جو انہیں غیر موزوں لگتا ہے اور انہیں پریشانی میں مبتلا کر رہا ہے۔



۷ اپنے بچوں کے لئے انٹرنیٹ کے آلات سے آزاد وقت کا تعین کریں اور انہیں دل چسپ سرگرمیوں میں مشغول کریں جیسے مل کر گیت گانا اور موسیقی ترتیب دینا ۔

PAHCHAAN HELPLINE. 0300-0659427